AGP-Sec./ 239
April 01, 2022

The Manager,
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

Subject: **NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING FOR THE YEAR ENDED DECEMBER 31, 2021**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of 8th Annual General Meeting to be held on April 26, 2022.

Further to our announcement of Financial Results for the year ended December 31, 2021, dated March 28, 2022, we would like to inform you that Share Transfer Book of the Company will remain closed from April 19, 2022 to April 26, 2022 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Registrar, namely CDC Share Registrar Services Limited situated at CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S. Main Shahrah-e-Faisal, Karachi - 74400 by the close of business on April 18, 2022 will be treated as being in time for the purposes of payment of final cash dividend to the transferees and to attend and vote at the Meeting.

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Yours Sincerely,

Umair Mukhtar
Company Secretary

Encl: As above

AGP Limited B-23-C, S.I.T.E., Karachi-75700, Pakistan
Tel: +9221 111 247 247, Fax: +9221 32570678 E-mail: info@agp.com.pk, URL: www.agp.com.pk N.T.N. 4281954-7

# AGP LIMITED

we value life

# NOTICE OF 8TH ANNUAL GENERAL MEETING

**NOTICE** is hereby given that the 8th Annual General Meeting (Meeting) of the Shareholders of AGP Limited (the Company) will be held on Tuesday, April 26, 2022 11.00 A.M. at Avari Towers, 244 Fatima Jinnah Road, Karachi Cantonment, Karachi, through in-person and video link facility to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the 3rd Extraordinary General Meeting held on June 09, 2021.
2. To consider, approve and adopt the Standalone and Consolidated Audited Financial Statements of the Company together with Directors' and Auditors' Reports thereon for the year ended December 31, 2021.
3. To appoint Auditors for the year ending December 31, 2022 and fix their remuneration.
4. To consider and approve the payment of final dividend at the rate of PKR 2.5 per share (i.e. 25%) as recommended by the Board of Directors.
5. To transact any other business with the permission of the Chair.

By order of the board
Umair Mukhtar
Company Secretary

Karachi
Dated: April 04, 2022

**NOTES:**

1. **Closure of share transfer books**
The share transfer books of the Company will remain closed from April 19, 2022 to April 26, 2022 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Registrar, namely CDC Share Registrar Services Limited situated at CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S. Main Shahrah-e-Faisal, Karachi - 74400 by the close of business on April 18, 2022 will be treated as being in time for the purposes of payment of final cash dividend to the transferees and to attend and vote at the Meeting.

2. **Appointment of proxy holder**
A member of the Company entitled to attend and vote at the Meeting may appoint a proxy to attend and vote on his / her behalf. Proxies in order to be effective must be received at the registered office of the Company or emailed at corp.affairs@agp.com.pk not later than forty-eight (48) hours before the time of holding the Meeting. In calculating the aforesaid time period, no account shall be taken of any day that is not a working day. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy. Proxy form is available at Company's website www.agp.com.pk and also attached at the end of the annual report.

3. **Guidelines for CDC Account Holders**
Any Individual Beneficial Owner of CDC, entitled to vote at this Meeting, must bring his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) to prove identity, and in case of proxy, a copy of shareholder's attested CNIC must be attached with the proxy form. Representatives of corporate members should bring the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee for such purpose.
CDC account holders shall follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 dated 26 January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

4. **Participation in the Annual General Meeting**
SECP through its Circular No. 4 of 2021 dated 15 February 2021 and Circular No. 6 of 2021 dated 3 March 2021, read together with the clarification bearing number SMD/SE/2(20)/2021/117 dated 15 December 2021, has directed listed companies to ensure the participation of members in general meeting through electronic means as a regular feature in addition to holding physical meetings.
Accordingly, in compliance with the directives from SECP and to ensure health and safety of our valued shareholders in consideration of continued impact of COVID-19 pandemic, the Company is also providing the facility to its shareholders to attend the Meeting through video link. To avail this facility, members are requested to register their following particulars by sending an e-mail at corp.affairs@agp.com.pk.

| Folio / CDC account no. | No. of shares held | Name | CNIC | Cell No. | Email address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

After necessary verification, the video link and login credentials will be shared with the shareholders whose e-mails, containing all the requested particulars are received at the given e-mail address by or before the close of business hours on April 22, 2022. The shareholders are also encouraged to send their comments / suggestions related to the agenda items of the Meeting on the above-mentioned e-mail address by the close of business hours on April 22, 2021.
Moreover, members who will physically attend the Meeting are requested to strictly follow COVID-19 related SOPs and protocols and the management shall make necessary arrangements in this regard for holding the Meeting at the designated avenue. The Company continues to monitor the impact of COVID-19 and any relevant updates regarding the Meeting will be announced on the website of the Company and through PUCARS.

5. **Notice of AGM and Annual Report**
SECP, through its SRO 470(1)/2016 dated 31 May 2016, has allowed companies to circulate the annual balance sheet, profit and loss account, auditors' report and directors' report etc. to its shareholders through CD/DVD/USB at their registered addresses. Accordingly, the Company has sent its Annual Report 2021 to its shareholders in the form of CD. Further, the notice of the Meeting and the Annual Report 2021 shall be uploaded on the official website of the Company and posted at PUCAR.
The Annual Report 2021 shall be e-mailed to the members who have provided their valid email addresses to the Company or Registrar. Other members who wish to receive the Annual Report 2021 through email may send us the request at corp.affairs@agp.com.pk as per the standard request form available at the Company's website. A complete set of Annual Report 2021 can also be downloaded from the following:

| website link of the Company | QR Code |
|---|---|
| https://agp.com.pk/financial-statements/ | |

Members are requested to intimate any change in their registered e-mail addresses on a timely manner, to ensure effective communication by the Company.

6. **E-Voting**
Members can exercise their right to poll subject to meeting of requirement of Section 143 to 145 of the Companies Act, 2017 and applicable clauses of Companies (Postal Ballot) Regulations 2018.

7. **Video Conference Facility**
Pursuant to Section 132(2) of the Companies Act, 2017, if the Company receives consent from members holding in aggregate ten percent (10%) or more shareholding residing at geographical location, to participate in the meeting through video conference at least seven (7) days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. The Company will intimate Members regarding venue of video conference facility at least five (5) days before the date of the Meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility. In order to avail this facility please provide the following information to our Registrar:

*"I/We, __________ of ______________ being a member of AGP Limited holder of __________ Ordinary Share(s) as per Register Folio No./ CDC Account No. ____________ hereby opt for video conference facility at (Please insert name of the City).*

*__________________*
*Signature of member"*

8. **Electronic payment of cash dividend**
In accordance with the provisions of section 242 of the Companies Act 2017, a listed Company is required to pay cash dividend only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders. Accordingly, the shareholders are requested to provide the information mentioned on an E-Dividend Mandate Form available at the website of the Company to the Registrar. The CDC account holders must submit their information directly to their broker (participant) / CDC.
As per the provisions of the section 243(3) of the Companies Act, 2017 and Regulation 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, the Company may withhold the payment of dividend to shareholders who have not provided valid bank details and copy of CNIC or NTN.

9. **Withholding tax on dividends**
In pursuance to section 150 read with Division I of Part III of the First Schedule of the Income Tax Ordinance, 2001, the rates of deduction of income tax from dividend payments shall be 15% for a person appearing in Active Taxpayers List (ATL) and 30% for a person not appearing in ATL. However, the provisions of withholding tax at additional rate from the person not appearing in ATL are not applicable to the extent of dividend payment to non-resident persons.
In case of joint shareholders, tax will be deducted on the basis of shareholding of each shareholder as may be notified by them, in writing as follows, to our Registrar, by the close of business on April 18, 2022, or if no such notification is received each shareholder shall be assumed to have an equal number of shares:

| Folio / CDS Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |

Withholding Tax exemption from the dividend income shall only be allowed if a copy of valid tax exemption certificate is made available to the Registrar by close of business on the first (1st) day of book closure.

10. **Unclaimed Dividend**
As per the provisions of section 244 of the Companies Act 2017, any shares issued, or dividend declared by the Company which remains unclaimed / unpaid for a period of three (3) years from the date on which it was due and payable are required to be deposited with the SECP in an account specified by the Federal Government. Shareholders whose dividend remains unclaimed till date are requested to approach the Company to claim their unclaimed / unpaid amount of dividend or any other share certificate from the Company. In case, no claim is filed with the Company within the due time frame, the Company shall proceed to deposit the unclaimed / unpaid amount dividend with the Federal Government pursuance to section 244(2) of the Act.

11. **Conversion of Physical Securities into Book Entry Form**
In accordance with section 72 of the Companies Act, 2017, SECP through its letter dated March 26, 2021, has advised all listed companies to pursue their shareholders to replace their shares in physical form into book entry form within a period not exceeding four (4) years from the date of promulgation of the Companies Act, 2017. Consequently, all shareholders bearing physical folios / share certificates are requested to convert their shares from physical form into book entry form at the earliest. Maintaining shares in book entry form has many advantages such as safe custody of shares with the CDC, fast and convenient selling of shares, avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares and paper less environment which makes the process eco-friendly.

AGP
we value life

# اے جی پی لمیٹڈ

## اطلاع برائے آٹھواں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اے جی پی لمیٹڈ ("کمپنی") کے شیئر ہولڈرز کا آٹھواں سالانہ اجلاس عام ("اجلاس") بروز منگل، ۲۶ اپریل ۲۰۲۲ء کو صبح ۱۱ بجے بمقام آواری ٹاورز ہوٹل، فاطمہ جناح روڈ، کراچی بذریعہ بصورت حاضری اور وڈیو لنک فیسیلیٹی منعقد ہو رہا ہے جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

**عمومی کارروائی:**

۱۔ ۹ جون ۲۰۲۱ء کو منعقدہ تیسرے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

۲۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۱ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ انفرادی اور اجتماعی مالیاتی گوشواروں مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس پر غور و خوض، منظوری اور اطلاق۔

۳۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین۔

۴۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق فی شیئر ۲.۵ روپے (یعنی ۲۵٪) کی شرح سے حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر غور و خوض اور منظوری۔

۵۔ اجلاس کے سربراہ کی اجازت سے کوئی دیگر کارروائی عمل میں لانا۔

بحکم بورڈ
عمیر مختار
کمپنی سیکریٹری

کراچی
بتاریخ: ۴ اپریل ۲۰۲۲

**نوٹس:**

**۱۔ شیئر منتقلی کے کھاتوں کی بندش**

کمپنی کے شیئر ٹرانسفر رجسٹرز ۱۹ اپریل ۲۰۲۲ء تا ۲۶ اپریل ۲۰۲۲ء (بشمول دونوں یوم) بند رہیں گے۔ ۱۸ اپریل ۲۰۲۲ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئرز رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بمقام سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی موصول ہونے والے ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

**۲۔ نمائندے کی تقرری**

اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو اپنا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کا استحقاق رکھتا ہے۔ نمائندگی ناموں کے موثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا ای میل corp.affairs@agp.com.pk پر لازماً موصول ہو جائیں۔ مذکورہ مدت کا حساب کرتے ہوئے کوئی بھی ایسا دن شمار نہیں کیا جائے گا جو کاروباری دن نہ ہو۔ کوئی بھی ممبر ایک سے زیادہ نمائندے مقرر کرنے کا حقدار نہیں ہوگا۔ نمائندگی نامہ (پراکسی فارم) کمپنی کی ویب سائٹ www.agp.com.pk پر دستیاب ہے اور سالانہ رپورٹ کے اختتام پر بھی منسلک ہے۔

**۳۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات**

سی ڈی سی کا کوئی بھی انفرادی استفادہ کنندہ مالک، جو اس میٹنگ میں ووٹ دینے کا حقدار ہے، اسے شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) لانا ہوگا، اور نمائندے کی صورت میں شیئر ہولڈر کے تصدیق شدہ CNIC کی ایک کاپی نمائندگی نامے کے ساتھ منسلک کرنی چاہیے۔

کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو اس مقصد کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ نامزد شخص کے دستخط کے ہمراہ ساتھ لانا چاہیے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ سرکلر ۱، بتاریخ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء میں طے کردہ درج ذیل ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔

**۴۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے:**

سی ڈی سی کا کوئی بھی انفرادی استفادہ کنندہ مالک، جو اس میٹنگ میں ووٹ دینے کا حقدار ہے، اسے شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) لانا ہوگا، اور نمائندے کی صورت میں شیئر ہولڈر کے تصدیق شدہ CNIC کی ایک کاپی نمائندگی نامے کے ساتھ منسلک کرنی چاہیے۔

اسی مناسبت سے، SECP کی ہدایات کی تعمیل میں اور کووِڈ۔۱۹ کے مسلسل اثرات کے پیش نظر ہمارے قابل قدر شیئر ہولڈرز کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے، کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کی سہولت بھی فراہم کر رہی ہے۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درج ذیل تفصیلات corp.affairs@agp.com.pk پر ای میل بھیج کر رجسٹر ہوں:

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | نام | CNIC | موبائل فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد، ویڈیو لنک اور لاگ ان کی معلومات ان شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے تمام مطلوبہ تفصیلات کے حامل ای میلز، دیے گئے ای میل ایڈریس پر ۲۲ اپریل ۲۰۲۲ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک یا اس سے پہلے موصول ہو چکے ہوں گے۔ شیئر ہولڈرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے/ تجاویز مذکورہ ای میل ایڈریس پر ۲۲ اپریل ۲۰۲۲ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک بھیج دیں۔

مزید برآں، جسمانی طور پر اجلاس میں شرکت کرنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کووِڈ۔۱۹ سے متعلق SOPs اور پروٹوکول پر سختی سے عمل کریں اور انتظامیہ اس سلسلے میں اجلاس کو مقررہ جگہ پر منعقد کرنے کے لیے ضروری انتظامات کرے گی۔ کمپنی کووِڈ۔۱۹ کے اثرات کی نگرانی جاری رکھے ہوئے ہے اور اجلاس سے متعلق کسی بھی متعلقہ اپ ڈیٹ کا اعلان کمپنی کی ویب سائٹ پر اور PUCARS کے ذریعے کیا جائے گا۔

**۵۔ سالانہ اجلاس عام اور سالانہ رپورٹ کا نوٹس**

ایس ای سی پی نے اپنے SRO ۴۷۰(I)/ ۲۰۱۶ بمورخہ ۳۱ مئی ۲۰۱۶ء کے ذریعے کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع اور نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ کو USB/DVD/CD کے ذریعے اپنے شیئر ہولڈرز تک ان کے رجسٹرڈ پتے پر پہنچانے کی اجازت دی ہے۔ اسی مناسبت سے، کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ ۲۰۲۱ء اپنے شیئر ہولڈرز کو سی ڈی کی شکل میں بھیج دی ہے۔ مزید برآں، اجلاس کا نوٹس اور سالانہ رپورٹ ۲۰۲۱ء کمپنی کی آفیشل ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی جائے گی اور اسے PUCAR پر پوسٹ کیا جائے گا۔

سالانہ رپورٹ ۲۰۲۱ء ان اراکین کو ای میل کی جائے گی جنہوں نے کمپنی یا رجسٹرار کو اپنے درست ای میل ایڈریس فراہم کیے ہیں۔ دیگر ممبران جو سالانہ رپورٹ ۲۰۲۱ء کو ای میل کے ذریعے حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب معیاری درخواست فارم کے مطابق ہمیں corp.affairs@agp.com.pk پر درخواست بھیج سکتے ہیں۔ سالانہ رپورٹ ۲۰۲۱ء کا مکمل سیٹ درج ذیل سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

| کمپنی کی ویب سائٹ کا لنک | QR کوڈ |
|---|---|
| https://agp.com.pk/financial-statements/ | |

ممبران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی طرف سے موثر رابطہ یقینی بنانے کے لیے اپنے ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی کی بروقت اطلاع دیں۔

**۶۔ ای ووٹنگ**

ممبران کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق ۱۴۳ تا ۱۴۵ اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کی لاگو شقوں کے تقاضوں سے مشروط اجلاس میں اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

**۷۔ وڈیو کانفرنس**

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق ۱۳۲(۲) کی پیروی میں، اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی مقام پر مقیم ۱۰ فیصد (۱۰٪) یا اس سے زائد مجموعی شیئر ہولڈنگ والے ممبران کی طرف سے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ انعقاد سے کم از کم سات (۷) دن پہلے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی موصول ہو تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں ایسی سہولت دستیاب ہو۔

کمپنی ممبران کو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم پانچ (۵) دن پہلے ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں مطلع کرے گی اور اس کے ساتھ اس طرح کی سہولت تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ضروری مکمل معلومات فراہم کرے گی۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ کرم ہمارے رجسٹرار کو درج ذیل معلومات فراہم کریں:

میں / ہم ...................... ساکن ...................... ، بحیثیت اے جی پی لمیٹڈ کے ایک ممبر،
مالک ...................... عدد عام شیئرز، بمطابق رجسٹر فولیو نمبر/ سی ڈی سی/ اکاؤنٹ نمبر ...................... بذریعہ ہٰذا وڈیو کانفرنس فیسیلیٹی
بمقام ...................... حاصل کرنا چاہتا ہوں/ چاہتے ہیں (براہ کرم شہر کا نام داخل کریں)۔

ممبر کے دستخط

**۸۔ کیش ڈیویڈنڈ کی برقی طریقے سے ادائیگی**

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق ۲۴۲ کے تقاضوں کے مطابق ایک لسٹڈ کمپنی کی طرف سے حتمی کیش ڈیویڈنڈ کی برقی طریقے سے حق دار شیئر ہولڈرز کی طرف سے ان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ادائیگی مطلوب ہے۔ اسی کے مطابق شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم پر مذکورہ معلومات رجسٹرار کو فراہم کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی معلومات لازماً براہ راست اپنے بروکر (شریک)/ سی ڈی سی کو فراہم کریں۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق ۲۴۳(۳) اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز ۲۰۱۷ء کی ریگولیشن ۶ کے تقاضوں کے مطابق کمپنی ایسے شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک سکتی ہے جنہوں نے بینک کی کارآمد تفصیلات اور CNIC یا NTN کی کاپی مہیا نہ کی ہو۔

**۹۔ ڈیویڈنڈ پر ود ہولڈنگ ٹیکس**

انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء کے پہلے شیڈول کے حصہ III کے ڈویژن I کے ساتھ پڑھے گئے سیکشن ۱۵۰ کے مطابق، ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح ایکٹیو ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں ظاہر ہونے والے افراد کے لیے ۱۵٪ ہوگی اور ATL میں ظاہر نہ ہونے والے افراد کے لیے ۳۰٪۔ تاہم، ATL میں ظاہر نہ ہونے والے افراد سے اضافی شرح پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی دفعات غیر رہائشی افراد کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کی حد تک لاگو نہیں ہوتی ہیں۔

مشترکہ شیئر ہولڈرز کی صورت میں، ہر شیئر ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر ٹیکس کاٹ لیا جائے گا، جیسا کہ ان کی طرف سے تحریری طور پر، ہمارے رجسٹرار کو، ۱۸ اپریل ۲۰۲۲ء کو کاروبار کے اختتام تک اطلاع دے دی گئی ہو، یا اگر اس طرح کی اطلاع موصول نہیں ہوتی ہے تو فرض کیا جائے گا کہ ہر شیئر ہولڈر کے پاس مساوی تعداد میں شیئرز موجود ہیں:

| فولیو/ CDS اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | بنیادی شیئر ہولڈر | | شریک شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

ڈیویڈنڈ کی آمدنی سے ود ہولڈنگ ٹیکس کی چھوٹ کی اجازت صرف اس صورت میں دی جائے گی جب رجسٹرار کو کھاتے بند ہونے سے پہلے (1st) دن کاروبار کے اختتام تک ٹیکس استثنیٰ کے کارآمد سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی دستیاب کرا دی گئی ہو۔

**۱۰۔ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ**

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق ۲۴۴ کی دفعات کے مطابق، کمپنی کی طرف سے جاری کردہ کسی بھی حصص، یا اعلان کردہ ڈیویڈنڈ جو اس تاریخ سے تین (۳) سال کی مدت تک غیر دعویدار/ غیر ادا شدہ رہتا ہے جس دن یہ واجب الادا اور قابل ادائیگی تھا، ایس ای سی پی کے پاس وفاقی حکومت کی طرف سے متعین کردہ اکاؤنٹ میں جمع کیا جائے گا۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کی طرف سے ڈیویڈنڈ کا آج تک دعویٰ نہیں کیا گیا ہے، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈ کی رقم یا کسی دوسرے شیئر سرٹیفکیٹ کے دعوے کے لیے کمپنی سے رابطہ کریں۔ اگر مقررہ مدت کے اندر کمپنی کے پاس کوئی دعویٰ دائر نہیں کیا جاتا ہے تو، کمپنیز ایکٹ کے سیکشن ۲۴۴(۲) کے مطابق وفاقی حکومت کے پاس غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈ کی رقم یا کوئی دیگر شیئرز جمع کروانے کے لیے پیش قدمی کرے گی۔

**۱۱۔ فزیکل سیکیورٹیز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا**

ایس ای سی پی نے اپنے ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ء کے خط کے ذریعے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی شق ۷۲ کے مطابق، تمام لسٹڈ کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے نفاذ کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ چار (۴) سال کے اندر اپنے فزیکل شکل کے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے قائل کریں۔ نتیجتاً، فزیکل فولیو/ شیئرز سرٹیفکیٹ والے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے بہت سے فوائد ہیں جیسے سی ڈی سی کے پاس شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز کی تیز رفتار اور آسان فروخت، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے بچاؤ اور غیر دستاویزی ماحول جو طریقہ کار کو ماحول دوست بناتا ہے۔